# واقفیتِ عامہ برائے جماعت سوئم

سبق ۱: زمین پر زندگی

سوال ۱: گھاس کھانے والے چند جانورون کے نام لکھیں؟

جواب: گھاس کھانے والے چند جانوروں کے نام ہیں ہرن، خرگوش، بکری، مرغی وغیرہ۔

سوال ۲: شیر کی خوراک کیا ہے؟

جواب: شیر کی خوراک گوشت ہے۔

سوال ۳: ہمیں سورج سے کیا حاصل ہوتا ہے؟

جواب: ہمیں سورج سے روشنی اور حرارت حاصل ہوتی ہے۔

سوال ۴: جنگل میں رہنے والے کوئی سے تین جانوروں کے نام لکھیں؟

جواب: جنگل میں رہنے والے جانوروں کے نام ہیں شیر، ہرن، ہاتھی، چیتا وغیرہ۔

سوال ۵: صحرا میں رہنے والے کوئی سے تین جانوروں کے نام لکھیں؟

جواب: صحرا میں رہنے والے جانوروں کے نام ہیں چوہا، سانپ اور بچھو وغیرہ

سوال ۶: مچھلیاں کہاں رہتی ہیں؟

جواب: مچھلیاں پانی میں رہتی ہیں۔

سوال ۷: برفانی ریچھ کہاں رہتا ہے؟

جواب: برفانی ریچھ برفانی علاقوں میں رہتا ہے۔

Scanned with Car

سبق۲: جانداروں میں تبدیلیاں

سوال ۱: تتلی کا دورِ حیات کن مراحل پر مشتمل ہوتا ہے؟
جواب: تتلی کا دورِ حیات چار مراحل پر مشتمل ہوتا ہے۔
انڈے۔۔۔لاروا۔۔۔پیوپا۔۔۔تتلی

سوال ۲: انڈے سینے سے کیا مراد ہے؟
جواب: مرغی انڈے دیتی ہے۔وہ بچے نکالنے کے لیے ۲۱ دن انڈوں پر بیٹھتی ہے اسے انڈے سینا کہتے ہیں۔

سوال ۳: کون کون سے پودے قلم لگا کر اُگائے جاسکتے ہیں؟
جواب: گلاب کا پودا قلم لگا کر اُگایا جاسکتا ہے۔

سبق ۳: وقت، سمتیں اور سائے

سوال ۱: سورج روزانہ کس سمت سے نکلتا ہے؟
جواب: سورج روزانہ مشرق سے نکلتا ہے۔

سوال ۲: سورج جس سمت میں غروب ہوتا ہے اُسے کیا کہتے ہیں؟
جواب: سورج جس سمت میں غروب ہوتا ہے اُسے مغرب کہتے ہیں۔

سوال ۳: سمتوں کے نام لکھیں؟
جواب: سمتوں کے نام ہیں: مشرق، مغرب، شمال، جنوب۔
سوال ۴: اشیاء کے سائے کب لمبے ہوتے ہیں؟
جواب: اشیاء کے سائے صبح اور شام کے وقت لمبے ہوتے ہیں۔

Scanned with Car

## سبق۴: قدرتی وسائل

سوال۱: وسائل کسے کہتے ہیں؟

جواب: ہمارے اردگرد بہت سی چیزیں اور کام کرنے کے مواقع موجود ہیں۔ اُن کو استعمال کر کے ہم زندگی کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ ان تمام چیزوں کو وسائل کہا جاتا ہے۔

سوال۲: وسائل کی کتنی اقسام ہیں اُن کے نام لکھیں؟

جواب: وسائل کی تین اقسام ہیں

۱۔ قدرتی وسائل ۲۔ انسانی وسائل ۳۔ سرمائے کے وسائل

سوال۳: قدرتی وسائل کس نے بنائے ہیں اور وہ کون کون سے ہیں؟

جواب: قدرتی وسائل اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔ اُن کے نام ہیں پہاڑ، دریا، جنگلات، پودے، ہوا، پانی، زمین اور جانور وغیرہ

سوال۴: انسانی وسائل کا کیا مطلب ہے۔ مثالیں دے کر وضاحت کریں؟

جواب: کسی شخص کے کام کرنے کی مہارت، ہنر اور قابلیت انسانی وسائل کہلاتی ہے۔ رنگ ساز عمارتوں پر رنگ کرتا ہے۔ کسان فصلیں کاشت کرتا ہے۔

سوال۵: سرمائے کے وسائل میں کون سی چیزیں شامل ہیں؟

جواب: انسان اپنی دولت استعمال کر کے بھی وسائل بناتا ہے جو مزید آمدنی کا باعث بنتے ہیں انھیں سرمائے کے وسائل کہتے ہیں مثلاً بس، کار، ٹریکٹر، کمپیوٹر، کارخانے وغیرہ

## سبق۵: قدرتی وسائل کا تحفظ

سوال۱: جنگلات میں کمی کی کیا وجہ ہے؟

جواب: جنگلات میں کمی اس لیے ہوئی ہے کیوں کہ جنگل کاٹ دیے گئے ہیں اور سرسبز علاقوں کی جگہ نئے نئے شہر بن گئے ہیں۔

Scanned with Car

سوال۲: دریائی آلودگی کی سب سے اہم وجہ کیا ہے؟

جواب: فیکٹریوں کے گندے پانی کا دریاؤں میں شامل ہونا دریائی آلودگی کی سب سے اہم وجہ ہے۔

سوال۳: کیا فصلیں اور جانور آلودگی سے متاثر ہوتے ہیں؟

جواب: جی ہاں! فصلیں اور جانور آلودگی سے متاثر ہوتے ہیں۔

سوال۴: قدرتی وسائل کو بچانے کے لیے کوئی سے چند طریقے بتائیں؟

جواب: قدرتی وسائل کو بچانے کے لیے درج ذیل طریقے اپنائے جا سکتے ہیں۔

۱۔ پودوں کو فواروں کی مدد سے پانی دیا جائے۔

۲۔ درختوں کو بے وجہ کاٹا نہ جائے۔

۳۔ ڈیم بنا کر پانی کو ذخیرہ کیا جائے۔

۴: سردی سے بچنے کے لیے ہیٹر کا کم سے کم استعمال کیا جائے۔

۵۔ گھروں میں پانی کو احتیاط سے استعمال کیا جائے۔

سوال۵: قدرتی وسائل کی کمی سے کیا اثرات پڑیں گے؟

جواب: قدرتی وسائل کی کمی سے توانائی کا بحران پیدا ہو سکتا ہے۔ آب و ہوا اور جنگلی جانور متاثر ہو سکتے ہیں۔

## سبق۶: غذا اور اغذائیت

سوال۱: چند سبزی خور جانوروں کے نام لکھیں؟

جواب: سبزی خور جانوروں کے نام یہ ہیں، ہرن، گائے، خرگوش، ہاتھی وغیرہ۔

سوال۲: کوئی سے پانچ گوشت خور جانوروں کے نام لکھیے؟

جواب: گوشت خور جانوروں کے نام یہ ہیں، شیر، چیتا، لگڑ بگڑ، بھیڑیا اور بلی وغیرہ

Scanned with Car

سوال۳: متوازن غذا سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسی خوراک جس میں سبزیاں، گوشت، مکھن اور دودھ وغیرہ مناسب مقدار میں شامل ہوں، متوازن غذا کہلاتی ہے۔

سوال۴ خوراک کے لحاظ سے جانوروں کی قسمیں بتائیں؟

جواب: خوراک کے لحاظ سے جانوروں کی تین قسمیں ہیں

۱۔ سبزی خور جانور ۲۔ گوشت خور جانور ۳۔ ہمہ خور جانور

سوال۵: زندگی کے لیے ورزش کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: تندرست جسم اور دماغ کے لیے ورزش بہت ضروری ہے۔ ورزش سے انسان چست اور چاق و چوبند ہو جاتا ہے اور کام دلچسپی سے کرتا ہے۔ دماغ پر سکون رہتا ہے اور نیند اچھی آتی ہے۔

سوال۶: جانورون کے دانتوں کی ساخت کس طرح خوراک کھانے میں مدد دیتی ہے؟

جواب: تیز، لمبے اور نوکیلے دانت اُن کو خوراک کھانے میں مدد دیتے ہیں۔

سوال۷: مناسب نیند اچھی صحت کے لیے کیوں ضروری ہے؟

جواب: چھے سے آٹھ گھنٹے تک سونا صحت کے لیے ضروری ہے۔ پوری نیند لینے سے کام کاج میں آسانی ہوتی ہے اور نیند ہمیں صحت مند رکھتی ہے۔ اس سے دماغ کو سکون ملتا ہے۔

سبق ۷: میں کیا بنوں گا؟

سوال۱: گھر تعمیر کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: گھر تعمیر کرنے والے کو معمار کہتے ہیں۔

سوال۲: تعلیم دینے والے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: تعلیم دینے والے کو اُستاد کہتے ہیں۔

Scanned with Car

سوال۳: پولیس کے سپاہی کا کیا کام ہے؟
جواب: پولیس کے سپاہی کا کام لوگوں کے جان و مال کی حفاظت کرنا ہے۔

سوال۴: گاڑی مرمت کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟
جواب: گاڑی مرمت کرنے والے کو مکینک کہتے ہیں۔

سوال۵: مریض اپنا علاج کس سے کرواتے ہیں؟
جواب: مریض اپنا علاج ڈاکٹر سے کرواتے ہیں۔

سوال۶: آپ کے والد/والدہ کیا کام کرتے ہیں؟
جواب: میرے والد اور والدہ دونوں ڈاکٹر ہیں۔

سبق ۸: قدیم لوگ اور اُن کا رہن سہن

سوال ۱: پرانا زمانہ کیا کہلاتا ہے؟
جواب: پرانا زمانہ پتھر کا زمانہ کہلاتا تھا۔

سوال۲: پرانے زمانے میں آگ کیسے جلائی جاتی تھی؟
جواب: پرانے زمانے میں آگ پتھروں کو آپس میں رگڑ کر جلائی جاتی تھی۔

سوال۳: انسان کی ترقی میں کن چیزوں نے اہم کردار ادا کیا
جواب: پہیے کی ایجاد اور دھاتوں کے استعمال نے انسان کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔
سوال۴: کمپیوٹر آنے کے بعد انسنی زندگی میں کیا تبدیلی آئی؟
جواب: کمپیوٹر نے دنیا کی ترقی کی رفتار تیز کر دی ہے۔اس کی مدد سے دور دراز ملکوں کی خبروں سے آگہی اور انسانوں سے رابطہ آسان ہو گیا ہے۔

Scanned with Car

سبق ۹: موجد اور ایجادات

سوال ا؛ ایجاد سے کیا مراد ہے؟

جواب: کوئی نئی چیز بنانا جو پہلے سے موجود نہ ہو، ایجاد کہلاتی ہے۔

سوال ۲: قدیم زمانے میں جانوروں کا شکار کیوں آسان نہیں تھا؟

جواب: انسان قدیم زمانوں میں جانوروں کا شکار ہاتھوں سے قریب جا کر کرتا تھا جو کہ ایک مشکل اور خطرناک کام تھا۔ انسان نے بہت سوچنے کے بعد اس کا حل تیر اور کمان کی ایجاد سے نکالا۔

سوال ۳: کوئی سی تین اہم ایجادات اور اُن کے موجدوں کے نام لکھیں؟

جواب:

| ایجادات | موجد |
|---|---|
| ا۔ ریڈیو | مارکونی |
| ۲۔ کمپیوٹر | چارلس بابیج |
| ۳۔ کار | کارل بینز |

سوال ۴: مائیکرو ویو اوون کس کام آتا ہے؟

جواب: کھانے کو گرم کرنے اور پکانے کے لیے مائیکرو ویو اوون استعمال کیا جاتا ہے۔

سوال ۵: انسان نے چیزیں کیوں ایجاد کیں؟

جواب: انسان نے اپنی ضرورت کے تحت اور اپنے رہن سہن کو بہتر بنانے کے لیے چیزیں ایجاد کیں۔

سبق ۱۰: اوزار اور مشینیں

سوال ا: بہت بھاری چیزیں اُٹھانے کے لیے ہمیں کیا کرنا پڑتا ہے؟

جواب: بہت بھاری چیزیں اُٹھانے کے لیے ہمیں مشینیں اور اوزار استعمال کرنے پڑتے ہیں۔

Scanned with Car

سوال۲: مشینیں اور اوزار ہماری کس طرح مدد کرتے ہین؟

جواب: مشینیں اور اوزار ہمارے کام کو آسان بناتے ہیں۔

سوال۳: قینچی ہمارے کس کام آتی ہے؟

جواب: قینچی کپڑا اور کاغذ کاٹنے کے کام آتی ہے۔

سوال۴: قدیم زمانے میں اوزار کس چیز سے بنائے جاتے تھے؟

جواب: قدیم زمانے میں اوزار نوک دار پتھروں سے بنائے جاتے تھے۔

سوال۵: کسی چیز کو کھینچنے یا دھکیلنے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: کسی چیز کو کھینچنے یا دھکیلنے سے حرکت پیدا ہوتی ہے۔

سوال۶: تانگے کو چلانے کے لیے قوت کہاں سے ملتی ہے؟

جواب: تانگے کو چلانے کے لیے قوت جانور سے ملتی ہے۔

سوال۷: ہمیں ہاتھ کی بجائے مشین کے ذریعے کام کرنے میں کم قوت درکار ہوتی ہے یا زیادہ؟

جواب: ہمیں ہاتھ کی بجائے مشین کے ذریعے کام کرنے میں کم قوت درکار ہوتی ہے۔

سبق ۱۱: حکومت اور شہریوں کا کردار

سوال۱: لوگوں کو بنیادی ضروریات فراہم کرنا کس کا کام ہے؟

جواب: لوگوں کو بنیادی ضروریات فراہم کرنا حکومت کا کام ہے۔

Scanned with Car

سوال۲: دو اہم عوامی مسائل بتائیں اور اُن کے حل کی تجاویز بھی دیں؟

جواب: دو اہم عوامی مسائل پینے کا پانی اور سکول ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم صرف ضرورت کے وقت پانی استعمال کریں تا کہ پانی ضائع نہ ہو۔ جن علاقوں میں سکول موجود نہیں وہاں سکول قائم کیے جائیں۔

سوال۳: دوسروں کی مدد کرنا کیوں ضروری ہے؟

جواب: دوسروں کی مدد کرنا بہت اچھی بات ہے اور اس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔

سوال۴: قانون کے احترام کے فائدے بتائیں؟

جواب: قانون کا احترام کرنے سے امن و امان قائم رہتا ہے اور انسان کئی پریشانیوں سے بچ جاتا ہے۔

سوال۵: ہم قطار کیوں بناتے ہیں؟

جواب: ہم نظم و ضبط قائم رکھنے کے لیے قطار بناتے ہیں۔

سبق۱۲: حکومت کے فرائض اور شہریوں کے حقوق

سوال۱: مریضوں کا علاج اور دیکھ بھال کون کرتا ہے؟

جواب: مریضوں کا علاج اور دیکھ بھال ڈاکٹر اور نرسیں کرتے ہیں۔

سوال۲: تعلیمی ادارے کیوں بنائے جاتے ہیں؟

جواب: تعلیمی ادارے اس لیے بنائے جاتے ہیں تا کہ بچوں کو تعلیم دی جا سکے۔

سوال۳: شہریوں کے دو حقوق بتائیں؟

جواب: ۱۔ اُن کی تعلیم کے لیے سکول کالج بنائے جائیں۔

۲۔ پولیس اُن کے جان و مال کی حفاظت کرے۔

Scanned with Car

سبق ۱۴: دوسروں کا ادب واحترام

سوال ۱: لوگ ایک دوسرے سے کیسے مختلف ہیں؟

جواب: لوگ کئی طرح ایک دوسرے سے مختلف ہیں کسی کا قد لمبا ہے تو کسی کا چھوٹا۔ کوئی گورا ہے تو کوئی کالا۔

سوال ۲: دوسروں کا احترام کیسے کیا جائے؟

جواب: ہمیں چاہیے کہ ہم ایک دوسرے کا احترام کریں۔ ایک دوسرے کی مدد کریں اور کسی کو ہرگز تکلیف نہ پہنچائیں۔

سوال ۳: دوسرے مزاہب کے تہواروں کا احترام کیوں کرنا چاہیے؟

جواب: تا کہ ایک ہی ملک میں رہنے والے تمام لوگوں میں ایک دوسرے کے لیے محبت اور عزت پیدا ہو۔

سوال ۴: اپنی باری کے انتظار کے فائدے بیان کریں؟

جواب: ۱۔ قطار بنا کر باری کا انتظار کرنے سے ہماری باری جلدی آتی ہے۔

۲۔ دوسروں کو ہماری وجہ سے پریشانی نہیں ہوتی۔

------------------------

Scanned with Car